نمبر۔ 20.2

ایگزیکٹیو آرڈر

ریاست نیویارک میں منکی پاکس وائرس کے جاری پھیلاؤ کی وجہ سے پوری ریاست میں آفات کی ایمرجنسی کے اعلان کو جاری رکھنا

جبکہ، منکی پاکس وائرس کو عالمی ادارہ صحت کی جانب سے 23 جولائی، 2022 کو صحت عامہ کی بین الاقوامی سطح پر تشویشناک ہنگامی صورتحال قرار دیا گیا ہے؛

جبکہ، منکی پاکس کے موجودہ پھیلاؤ اور اس وائرس سے انسانی صحت کو لاحق قابل توجہ خطرات کے باعث، منکی پاکس وائرس کو ریاست نیو یارک کے کمشنر برائے صحت نے 29 جولائی، 2022 کو صحت عامہ کے لیے ایک فوری خطرہ قرار دیا ہے۔

جبکہ، ریاست نیویارک میں، 27 ستمبر 2022 سے، منکی پاکس کے 3857 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں؛

جبکہ، صحت کے مقامی محکمے مسلسل منکی پاکس کی وباء کے خلاف تشخیص میں معاونت، رابطے می رہنے والے افراد کی شناخت اور نگرانی، زد میں آ جانے والے رابطے میں رہنے والے افراد اور خصوصی توجہ یافتہ زیادہ خطرے کی زد میں موجود آبادیوں کو ویکسین لگائے جانے اور تعلیم اور رسائی کے ذریعے امدادی کاروائیاں کر رہے ہیں۔

جبکہ، ریاستِ نیویارک کی حکومت کو میونسپلٹیز، مقامی علاقوں اور کاؤنٹیز کی منکی پاکس کی ویکسین لگانے اور ٹیسٹ کرنے؛ اور اس مرض کے پھیلاؤ کو جاری رہنے سے روکنے کے لیے کوششوں میں سہولت کاری کے لیے ان کی معاونت کرنا ہو گی۔

اب، اس لیے، میں، ریاست نیویارک کی گورنر، Kathy Hochul، ریاست نیویارک کے آئین اور ریاست نیویارک کے قانون کے ذریعے مجھے دیے گئے اختیار کی بناء پر، حامل ہذا ایگزیکٹیو آرڈر 20 میں مقرر کیے گئے کے مطابق ریاستی آفات کی ہنگامی حالت میں توسیع کرتی ہوں، اور فراہم کردہ، ایگزیکٹیو آرڈر 20 میں موجود شرائط، ضوابط اور معطلیوں کو 27 اکتوبر 2022 تک جاری رکھا جائے گا، تاہم، درج ذیل ترامیم لاگو ہوں گی:

- تعلیمی قانون کے سیکشن 6801 کی ذیلی شق 2 اور NYCRR کے ٹائٹل 8 کے 63.9 کی عارضی ترمیم، جو کہ ایگزیکٹیو آرڈر 20 میں موجود ہے، جہاں تک اس طرح کی ترمیم فارماسسٹس کو منکی پاکس کے خلاف غیر مریض کے مخصوص حکم کے مطابق، ویکسین لگانے کا اختیار دیتی ہے، وہاں فارماسسٹس کو منکی پاکس کے خلاف، مریض کے مخصوص حکم کے مطابق، ویکسین لگانے کی ضروری حد تک اجازت دینے کے لیے اس میں ترمیم کی گئی ہے؛ اور
- تعلیمی قانون کے سیکشن 6527 کی ذیلی شق 6، صحت عامہ کے قانون کے سیکشن 6909 کی ذیلی شق 4؛ اور NYCRR کے ٹائٹل 8 کے سیکشن 64.7، جو کہ ایگزیکٹیو آرڈر 20 میں موجود ہے، جہاں تک اس ترمیم سے مجاز ڈاکٹروں اور تصدیق شدہ نرس پریکٹیشنرز کو قانون کے ذریعے یا اس ایگزیکٹیو آرڈر کے ذریعے منکی پاکس کے خلاف ویکسینیشن دینے کے لیے مجاز افراد کو غیر مریض کا مخصوص علاج جاری کرنے کا اختیار دیتے ہیں، وہاں اس حد تک ضروری ترمیم کی گئی ہے کہ ڈاکٹروں اور تصدیق شدہ نرس پریکٹیشنرز کو اجازت دی جائے کہ وہ منکی پاکس سے بچاؤ کے حفاظتی ٹیکے لگانے والے لائسنس یافتہ فارماسسٹ کو مریض کے مخصوص احکامات بھی جاری کریں۔

سال دو ہزار بائیس میں ستمبر کے اس ستائیسویں دن البانی شہر میں میرے
دستخط اور ریاست کی شاہی مہر کے تحت جاری کیا گیا۔

منجانب گورنر

سیکرٹری از گورنر